مطبوعات

دربار رسولؐ کے فیصلے مترجمہ ابو العرفان حکیم محمد عبد الرشید۔ عرفان منزل، بہاولپور۔ ضخامت ۲۲۴ صفحات۔ قیمت بلا جلد تین روپے۔ مجلد چار روپے۔

اسلامی قوانینِ شریعت کی رُوح سے واقف ہونے کے لیے یہ نہایت ضروری ہے کہ رسول اللہؐ اور خلفائے راشدین کے حضور میں جو مقدمات پیش ہوا کرتے تھے ان کو اور ان کے فیصلوں کا بغور مطالعہ کیا جائے۔ ایسے فیصلوں کی ایک کثیر تعداد حدیث کے مجموعوں میں محفوظ ہے، مگر انھیں متفرق طور پر روایت کیا گیا ہے۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ انھیں یکجا کیا جاتا۔ عبداللہ محمد بن فرج المالکی کی تالیف "اقضیۃ الرسولؐ" اس ضرورت کو نہایت خوبی سے پورا کرتی ہے۔ زیر نظر کتاب اسی کا اردو ترجمہ ہے جو حکیم عبد الرشید صاحب نے بڑی محنت اور عمدگی سے کیا ہے۔ کتاب تمام ظاہری اور باطنی خوبیوں سے آراستہ ہے۔ اس کا مطالعہ ہم ہر مسلمان کے لیے ضروری سمجھتے ہیں۔

اقبال کا مطالعہ از سید نذیر نیازی۔ کتاب خانۂ پنجاب۔ لاہور۔ قیمت عہ

یہ چار مختلف مضامین کا مجموعہ ہے۔ پہلے مضمون میں مصنف نے بتایا ہے کہ ان کے نزدیک اقبال کا مطالعہ کرتے وقت اس کی کن کن حیثیتوں کا ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے۔ دوسرے مضمون کا عنوان "اقبال اور حکمائے فرنگ" ہے۔ تیسرے مضمون میں اقبال کے اپنے نظامِ فکر اور مغربی فلسفیوں پر ان کی تنقید کو بیان کیا گیا ہے اور چوتھے مضمون میں اقبال کی آخری علالت اور وفات کا ذکر ہے۔

خطباتِ شبلی شائع کردہ دار المصنفین۔ اعظم گڑھ۔

عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ زورِ تحریر اور قوتِ تقریر ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے۔ لیکن مولانا شبلی اس سے

مستثنیٰ تھے۔ انشاپرداز کی حیثیت تو ان کی ابتدائی علمی زندگی ہی میں نمایاں تھی لیکن جب وہ علی گڑھ یونیورسٹی کی تحریک سے وابستہ ہوئے اور خصوصاً اس کے بعد جب انھوں نے ندوۃ العلمار کے قیام کے لیے جدوجہد شروع کی تو اس وقت ان کے تقریر کے فطری ملکہ کو بھی نشوونما پانے کا پورا موقع ملا۔ فن خطابت کے لحاظ سے جو ایک اچھی تقریر کے لوازمات ہیں وہ سب ان کی تقاریر میں موجود ہیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ علمی شواہد اور تاریخی معلومات سے بھی خالی نہیں۔ زیرِ نظر مجموعۂ خطبات میں زیادہ تر تقریریں ندوۃ العلمار کی تحریک سے متعلق ہیں۔

نقوشِ سلیمانی | از مولانا سید سلیمان ندوی۔ مکتبۂ جامعہ دہلی۔ قیمت مجلد ؎

یہ مصنف کے اُن متفرق مقالات اور خطبات کا مجموعہ ہے جو اُردو زبان اور اُردو ادب سے متعلق ہیں۔ آخر میں چند مقدمات ہیں جو مصنف نے مختلف کتابوں کے لیے لکھے۔

صراط الحمید حصہ اول و دوم | از پروفیسر صلاح الدین محمد الیاس برنی۔ یہ دو مختلف حجوں کے حالاتِ سفر ہیں جو مصنف نے اپنے مخصوص انداز میں لکھے ہیں۔ پہلی دفعہ جبکہ وہ عراق، شام، فلسطین سے ہوتے ہوئے حجاز گئے تھے اور دوسری دفعہ جبکہ انھوں نے اپنے والد مرحوم کے لیے حج بدل کیا۔ سیدھے حجاز گئے اور حج کر کے واپس آگئے۔ دونوں جلدوں میں سفرِ حج اور عام سیر و سیاحت کے لیے مفید معلومات اور ہدایات دی گئی ہیں۔ قیمت ہر دو حصہ عہ۔ ملنے کا پتہ: کمال احمد صاحب فاروقی۔ بیت السلام۔ حیدرآباد دکن۔

خدا کی باتیں | مترجمہ و مرتبہ مولانا احمد سعید صاحب۔ قیمت دو روپے۔ ضخامت ۲۹۸ صفحات

ملنے کا پتہ:۔ دینی بکڈپو۔ اردو بازار۔ دہلی۔

یہ مجموعہ احادیثِ قدسیہ کا ترجمہ ہے۔ ترجمہ میں وہ احادیث بھی شامل ہیں جنھیں رسول اللہ نے عام احادیثِ قدسی کی طرح اللہ تعالیٰ سے براہِ راست روایت تو نہیں کیا۔ لیکن اُن میں اللہ کے اقوال مذکور ہوئے ہیں۔